# 167150 ـ جائداد کی خرید و فروخت کا حکم

**سوال**

کیا زمین اور جائداد کی تجارت کرنا جائز ہے ؟
آپ کے تعاون کا شکریہ، میں آپ کے جواب کی منتظر ہوں.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جائداد اور زمین کی خرید و فروخت جائز ہے، کیونکہ یہ درج ذیل فرمان باری تعالی میں داخل ہوتی ہے:

اور اللہ سبحانہ و تعالی نے خرید و فروخت حلال کی ہے البقرۃ ( 275 ).

چاہے یہ منافع اور سرمایہ کاری کے لیے ہو، یا پھر استعمال اور فائدہ حاصل کرنے کے لیے، لیکن اس کی خرید و فروخت کے صحیح ہونے کے لیے کچھ شروط پائی جاتی ہیں اگر یہ شروط ہوں تو خرید و فروخت صحیح ہوگی ان شروط میں کچھ شرطیں درج ذیل ہیں:

اول:

فروخت کی جانے والی زمین کی واضح معرفت ہو، اور اسی طرح اس کی قیمت بھی واضح معلوم ہونی چاہیے، تا کہ بائع اور مشتری دونوں ہی اپنے معاملہ کی وضاحت پر ہوں.

دوم:

یہ خرید و فروخت رضامندی کے ساتھ ہو.

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر ( 103149 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .